PR NO28

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا پروٹیکٹر یٹ آف امیگرینٹس آفس راولپنڈی کا دورہ

نیشنل بینک کے پانچوں کاؤنٹرز فوری آپریشنل کیئے جائیں۔ وفاقی محتسب

خواتین اور بزرگ شہریوں کے لئے الگ کاؤنٹر بنانے اور انشورنس فارم کمپیوٹرائزڈ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹر یٹ آف امیگرینٹس آفس کو خواتین اور بزرگ شہریوں کے لئے الگ کاؤنٹر بنانے، ملک بھر میں انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن فارم پر کرنے کی سہولت فراہم کرنے، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے کاؤنٹر کو کمپیوٹرائزڈ کرنے، نیشنل بینک میں پانچوں کاؤنٹرز کو آپریشنل کرنے اور ملک بھر کے تمام علاقائی دفاتر میں (Protector Stamp) لگانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا کوئی بھی شہری کسی بھی پروٹیکٹر آف امیگرینٹس آفس کے دفتر جائے تو اسے علاقائی دفاتر کے چکر لگوانے کی بجائے اسی جگہ پروٹیکٹر کلیئرنس کی سہولت فراہم کی جائے۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں معائنہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد دی ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے پروٹیکٹر یٹ آف امیگرینٹس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے افسران پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی تھی جس نے گزشتہ روز پروٹیکٹر یٹ آف امیگرینٹس آفس راولپنڈی کا دورہ کر کے وہاں موجود سینکڑوں کسٹمرز کی شکایات سنیں اور انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم وہاں پہنچی تو دفتر میں بے پناہ رش تھا، خواتین کے بیٹھنے کے لئے الگ جگہ نہ تھی۔ فیس جمع کرنے کے لئے نیشنل بینک میں پانچ کاؤنٹر بنے ہوئے تھے لیکن صرف ایک کاؤنٹر پر بینک کا ملازم فیس وصول کر رہا تھا۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کے کاؤنٹر پر دو ملازمین ہر کسٹمر کا فارم ہاتھ سے پر کر رہے تھے جس کی وجہ سے تاخیر ہو رہی تھی۔ ٹیم نے نیشنل بینک کے پانچوں کاؤنٹرز فنکشنل کرنے اور انشورنس فارم کمپیوٹرائزڈ کرنے کی ہدایت کی کیونکہ کسٹمرز کا زیادہ وقت ان دونوں کاؤنٹرز پر لگ رہا تھا۔ میانوالی سے آئے چھ شکایت کنندگان نے ٹیم کو بتایا کہ وہ پہلے لاہور گئے، وہاں سے راولپنڈی بھیجا گیا اور اب راولپنڈی والے واپس لاہور بھجوا رہے ہیں۔ فیصل آباد سے آئے ایک کسٹمر نے بتایا کہ اسے رات سڑک پر گزارنا پڑی۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کی ہدایت پر ان سمیت کئی افراد کی فوری پروٹیکٹر کلیئرنس کر دی گئی۔ انتظامیہ نے بتایا کہ انہوں نے ایجنٹ مافیا کا دفتر میں داخلہ منع کر رکھا ہے، اگر کوئی نظر آ جائے تو اسے پولیس کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب کو پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس آفس کے خلاف بدانتظامی بشمول بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کے سفر میں رکاوٹیں اور پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے میں تاخیر نیز ایجنٹوں کی دخل اندازی سے متعلق بڑی تعداد میں شکایات موصول ہوئی تھیں۔ معائنہ ٹیم نے اپنی تجاویز پر مبنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

12 جون 2024ء